PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

سابق جج نے بی او جی کے رکن نعمان بٹ کو ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے پر تین سال کے لیے نااہل قرار دے دیا

لاہور،20 جولائی2020ء:

لاہور ہائی کورٹ کے سابق جج جسٹس ریٹائرڈ فضل ِمیراں چوہان نے نعمان بٹ کو اپنے اقرار نامے اور بی او جی اراکین کے لیے مقررہ کوڈ آف ایتھکس کی خلاف ورزی کا مرتکب قرار دیا ہے۔ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے پر نعمان بٹ کو تین سال کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ سے ملحقہ کسی بھی یونٹ کے الیکشن لڑنے یا دفتر سنبھالنے سے روک دیا گیا ہے۔

انڈیپینڈنٹ ایڈجوڈیکٹر، جسٹس ریٹائرڈ فضلِ میراں چوہان نے چوبیس صفحات پر مشتمل فیصلے میں تحریر کیا ہے:

"شکایت کنندہ (اسد علی خان، رکن بی او جی) اور پی سی بی یہ ثابت کرنے میں کامیاب رہے ہیں کہ 17 اپریل 2019 کو جواب دہندہ نے بی او جی کے اراکین پر نافذ العمل کوڈ آف ایتھکس کی خلاف ورزی کی ہے۔"

"انہوں نے بی او جی کے 53 ویں اجلاس میں خلل ڈالا اور بی او جی کو اجلاس کے ایجنڈے پر عمل کرنے کی اجازت نہیں دی۔"

"یہ ریکارڈ پر ثابت ہوتا ہے کہ جواب دہندہ نے پریس کانفرنس منعقد کی جو کہ پی سی بی کے آئین کے پیرا 18 اور ماڈل آئین برائے ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کے پیرا 5.1 کی خلاف ورزی ہے۔"

"جواب دہندہ نے خفیہ دستاویزات میڈیا کو دکھا کر پی سی بی کے ضمنی قوانین کی خلاف ورزی کی۔"

"انہوں نے آئین، رولز (کوڈ آف ایتھکس) اور اقرار نامے کی خلاف ورزی کی ہے، لہٰذا انہیں فوری طور پر، دفتر سنبھالنے سے روکنے / ایسوسی ایشن کی رکنیت سے نااہل قرار دیا جاتا ہے۔ انہیں کسی بھی ایسی ایسوسی ایشن، کلب یا تنظیم جس کا انتظام، مانیٹری، کنٹرول یا الحاق بورڈ کے ساتھ ہے، کا الیکشن لڑنے سے روکا جاتا ہے۔"

بی او جی کے 53 ویں اجلاس کی برخاستگی سے متعلق میڈیا ریلیز یہاں دستیاب ہے۔
نعمان بٹ کی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی سے متعلق میڈیا ریلیز یہاں دستیاب ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4